ہے۔ کہانی ہی کہانی میں بچوں کو اسلامی اخلاق و تعلیمات اور معاشرتی رویے سکھانے کی ایک کامیاب کوشش ہے۔ عنوان کی مناسبت سے کہانیوں کے علاوہ دیگر دل چسپ معلومات اور متفرق تحریروں کو جمع کیا گیا ہے۔ ٹرسٹ اس سے قبل چار کتب: کہانی کہانی میں، علم و عمل، پڑھتے پڑھتے اور سنو سناؤ کے نام سے شائع کر چکا ہے۔ بیت العلم ٹرسٹ کی یہ کاوش اچھی پیش رفت ہے۔ عمدہ پیش کش۔]

☆ **وراثت کی تقسیم**، کیا، کیوں اور کیسے؟، تحقیق و تصنیف: ویمن ایڈ ٹرسٹ پاکستان، مکان ۳۶، گلی ۲، ۳/۱۰-جی، اسلام آباد۔ صفحات: ۴۳۔ قیمت: ۴۵ روپے۔ [ویمن ایڈ ٹرسٹ نے عام فہم اور سادہ الفاظ میں وراثت کی تفصیل پر مبنی کتاب پیش کر کے ایک حقیقی ضرورت کو پورا کیا ہے۔ کتاب میں سوال و جواب کا اسلوب اختیار کیا گیا ہے۔ خواتین کے حقِ وراثت کو خصوصی طور پر موضوع بنایا گیا ہے۔ جدید مسائل اور بعض اعتراضات کا جواب بھی دیا گیا ہے۔]

☆ **نکاح کی کتاب**، علامہ ناصرالدین البانی، تالیف و تخریج: حافظ عمران ایوب لاہوری۔ ملنے کا پتا: نعمانی کتب خانہ، حق سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۴۸۔ قیمت: ۳۴۸ روپے۔ [حکمت نکاح، ضرورتِ نکاح، اہمیت نکاح، ترغیب نکاح، فوائد نکاح، احکامِ نکاح، فضائلِ نکاح، وقتِ نکاح، ارکانِ نکاح، شرائط نکاح، عقدِ نکاح، اعلانِ نکاح، باطل نکاح، حق مہر، غرض نکاح سے متعلق تمام موضوعات پر مستند معلومات کا مرقع۔]

ماہنامہ **پکارِ ملت**

طالبات کا نمائندہ، فکری اور اصلاحی جریدہ

طالبات کی زیر ادارت نکلنے والے جریدہ کی اشاعت کے ۳۵ سال...... اسلامی اور ادبی روایات کے احیاء کی درخشندہ تاریخ جس کا مطالعہ یقیناً آپ کے فکری ذوق کو تسکین بخشے گا۔

مستقل سلسلے: ☆گوشۂ تعلیم ☆احساس کے رنگ ☆اخبار العالم ☆شگفتہ شگفتہ

تعلیمی دنیا کے اہم مسائل پر رہنما تحاریر، طالبات کی دنیا کا حقیقی ترجمان اور ایک اچھے حلقہ اثر میں آپ کو متعارف کرانے والا۔ ماہنامہ پکارِ ملت، لاہور ان شاء اللہ آپ کا انتخاب آپ کو مایوس نہیں کرے گا۔

صرف -/۱۶۰ روپے ادا کر کے پورا سال گھر بیٹھے طالبات کی دنیا سے باخبر رہیے۔ فی شمارہ قیمت: ۱۵ روپے۔ سالانہ زر تعاون: ۱۶۰ روپے (عام ڈاک)۔ سالانہ زر تعاون: ۲۶۰ روپے (رجسٹرڈ ڈاک)

ہمارا پتہ ہے

مرکز طالبات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۵-۵۴۳۲۳۹۱